# 06-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست بھر میں آج پرجا پالنا پرجا پرانا لیکا پروگرام کا ہوا آغاز۔ 99 روزہ پروگرام 12 جون تک جاری رہے۔

۲۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ حکومت مادیگا طبقہ کی فلاح و بہبود کیلئے پرعزم ہے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے گا۔

۳۔ ریاست کے مختلف اضلاع میں انچارج وزراٗ نے کی پرجا پالنا پروگرام میں شرکت۔ عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ عوامی مسائل کے حل پر دیا زور۔

۴۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے عنبر پیٹ فلائی اوور کے نیچے سرویس روڈ کی تعمیر مکمل نہ ہونے پر تشویش کا اظہار کیا۔

اور

۵۔ بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راو نے کانگریس حکومت کے کام کاج پر سوال اٹھایا۔ کہا 6 گیارنٹیوں کے ساتھ اقتدار میں آنے والی کانگریس پارٹی عوام کو فراموش کر دی ہے۔

Harish rao

بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راو نے کانگریس حکومت کے کام کاج پر سوال اٹھایا۔ انھوں نے کہا کہ خزانہ خالی ہونے کی بات کرنے والے وزیر اعلی ریونت ریڈی کیرل میں انتخابی مہم کیلئے سینکڑوں کروڑ روپے خرچ کر رہی ہے۔ چھ گیارنٹیوں کا وعدہ کرتے ہوئے اقتدار میں آنے والی کانگریس پارٹی اپنے وعدے بھول چکی ہے۔ مہالکشمی اسکیم کے تحت ماہانہ دو ہزار پانچ سو روپے

دینے، ایک تولہ سونا دینے، خواتین کو اسکوٹی دینے جیسے وعدے کئے تھے۔ مگران میں ایک بھی وعدہ پورا نہیں ہوا۔ ہریش راو نے کہا کہ یہاں پر بیروزگار نوجوانوں پر لاٹھیاں برسائی جارہی ہے جبکہ کیرلا میں لاکھوں روزگار دینے کا وعدہ کیا جارہا ہے۔ کسانوں کو قرض معافی، رعیّتو بھروسہ بونس پر عمل نہیں ہورہا ہے جبکہ دوسری ریاستوں میں مثالی حکومت کا دعویٰ کیا جارہا ہے۔ ہریش راو نے کہا کہ تلنگانہ کی دولت کو کانگریس اعلیٰ کمان دیگر ریاستوں میں خرچ کررہی ہے۔

Telangana Governor

تلنگانہ ریاست کو نیا گورنر مل گیا ہے۔ سینئر سیاسی لیڈر و سابق مرکزی وزیر شیوا پرتاپ شکلا کو تلنگانہ کا گورنر بنایا گیا ہے۔ اس سے قبل وہ ہماچل پردیش گورنر کے طور پر اپنی خدمات انجام دے رہے تھے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے انہیں تلنگانہ کو ٹرانسفر کردیا ہے۔ جشنو دیو ورما کی جگہ پر شیوا پرتاپ شکلا کا انتخاب ہوا ہے۔ اتر پردیش کے رودراپور میں سال 1952 یکم اپریل کو پیدا ہونے والے شیوا پرتاپ شکلا، گورکھپور یونیورسٹی سے ایل ایل کی تعلیم حاصل کی۔ سال 1970ء میں اے بی وی پی طلبہ یونین کے لیڈر بن گئے۔ ایمرجنسی کے دور میں 19 ماہ جیل میں قید رہے۔ اس کے بعد وہ بی جے پی میں شامل ہوگئے۔ گورکھپور اربن سے وہ چار مرتبہ رکن اسمبلی رہے۔ اتر پردیش حکومت کے کئی شعبوں میں بحیثیت وزیر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ سال 2017ء تا 2019ء مرکزی مملکتی وزیر خزانہ کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ اس کے بعد 2023ء میں انہیں ہماچل پردیش کا گورنر منتخب کیا گیا اور وہ تلنگانہ کے گورنر کے طور پر خدمات انجام دیں گے۔

Ponnam Prabhakar

حیدرآباد ضلع میں پرجا پالنا پرگتی پرانا لیکا پروگرام کے تحت ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے مانصاحب ٹینک کے چاچا نہرو پارک میں کئی ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا۔ اس دوران ریاستی وزیر نے لائبریری، اندرامہیلا شکتی کینٹین کا افتتاح کیا۔ اس طرح خواتین تنظیموں کو 35 کروڑ روپے زیرو پرسینٹ انٹرسٹ کے چک تقسیم کئے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں وارڈ سے لے کر دارالحکومت تک 99 روزہ ترقیاتی کام کا آغاز ہوا ہے۔ خواتین کو خود مکتفی بنانے اور انہیں معاشی طور پر مضبوط کرنے کے لئے حکومت ہر ممکنہ اقدامات کررہی ہے۔ اس کے علاوہ مفت بجلی، باریک چاول کی سپلائی اور مفت سفر کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ اس موقع پر رکن پارلیمنٹ انیل کمار یادو، ایم ایل سی بلموری وینکٹ ودیگر عہدیدار موجود تھے۔

Ponguleti

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ ریاستی حکومت آج سے پرجا پالنا پراگتی پرانا لیکا 99 روزہ پروگرام شروع کیا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کھمم میں عوامی نمائندوں اور عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے نئے منتخب ہونے والے وارڈ ممبر، سرپنچوں کو ان کے کام سے متعلق شعور بیدار کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر ضلع انچارج وزیر واکٹی سری ہری، کوتہ گوڑم رکن اسمبلی کے سامبا شیوا راؤ، ایم ایل سی مدھوسدھن راؤ ودیگر بھی موجود تھے۔

Praja Palana

تلنگانہ حکومت نے پرجا پالنا پرگتی پرانا لیکا کے تحت 99 روزہ پروگرام شروع کیا ہے اور یہ پروگرام 12 جون تک جاری رہے گا۔ ریونت ریڈی کی قیادت میں حکومت عوامی مسائل کے حل کے

مقصد سے تیسری بار اس پروگرام کو شروع کیا ہے اور یہ دیہی سطح پر وارڈ ممبرس کی جانب سے منعقد ہوگا۔ دس ہفتوں تک چلنے والا یہ پروگرام ہر ہفتہ ایک نئے محکمہ کے ساتھ اپنے کام کا آغاز کرے گا۔ دیہی ترقی، صحت، فلاحی کام، کسانوں اور خواتین کے مسائل جیسے پروگرام منعقد کر رہی ہے۔اس کے علاوہ ضلع سطح پر نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے لئے جاب میلہ منعقد کیا جا رہا ہے۔ اندرا مہیلا شکتی اسکیم کے تحت نئے گھر تعمیر کئے جا رہے ہیں۔ سرپنچ سطح سے لے کر ارکانِ پارلیمنٹ تک اس پروگرام میں شریک ہوں گے۔ مختلف محکموں کی قیادت میں کئی پروگرامس منعقد ہوں گے۔ اس پروگرام کو کامیاب کرنے کے لئے کلکٹرس اور دیگر عہدیداروں کو اہم ذمہ داری ادا کرنا ہوگا۔

Revanth Reddy

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ حکومت مادیگا طبقہ کی فلاح و بہبود کیلئے پرعزم ہے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سپریم کورٹ کے احکامات کے بعد ذات پات کی زمرہ بندی کرنے والی پہلی ریاست تلنگانہ ہے۔ حیدرآباد کے شلپا کلا میں آج دوپہر مادیگا ایمپلائز کوآرڈنیشن کی قیادت میں پروگرام منعقد ہوا جس میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کا شکریہ ادا کیا گیا۔ جلسہ سے خطاب کے دوران وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ مادیگا طبقہ پچھلے 20 سالوں سے جدوجہد کر رہا ہے اور ہم ہمیشہ مادیگا طبقہ کی فلاح کیلئے کھڑے ہیں۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ بکریاں چلانے والے، چپل سینے والے اب کلکٹر، ڈاکٹر اور انجینئر بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے ذریعہ ہی مادیگا طبقہ ترقی کی منزلیں طئے کر سکتا ہے۔

Sound Revanth Reddy

اس پروگرام میں ریاستی وزیر دامودھر راج نرسمہا، اڈلوری لکشمن کے علاوہ ارکانِ اسمبلی نے شرکت کی۔

International Women's Day

عالمی یوم خواتین کے موقع پر آ کاشوانی حیدرآباد سنٹر میں آج یوم خواتین منایا گیا۔اس پروگرام میں کے شلپا کلا، ڈی سی پی خیریت آباد زون نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ خواتین ہر شعبہ میں آگے ہیں۔ایک کانسٹبل سے لے کر فضاء میں بھی اپنی کامیابی کے جلوے دکھا رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ خواتین کے تحفظ کیلئے تلنگانہ پولیس کی جانب سے کئی پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں۔اب خواتین کو پولیس اسٹیشن آنے کی ضرورت نہیں ہے۔تکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے خواتین کے مسائل حل کئے جارہے ہیں۔ اس پروگرام میں ڈپٹی ڈائرکٹر جنرل ہری سنگھ، ہیڈ آف پروگرام رمیش سونکا ساری ہیڈ آف پروگرام کمرشل پرسنا،اڈمین آفیسر فنی کماری، نیوز ایڈیٹر سرینواس،مہا نکالی کے علاوہ دیگر ملازمین شریک تھے۔

Jupally Krishna Rao

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا کہ ریاستی حکومت کے خصوصی پروگرام پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا 99 روزہ پروگرام کو کامیاب کرنے کی ضرورت ہے۔ عادل آباد ضلع کلکٹریٹ میں آج منعقدہ جائزہ اجلاس کے دوران انہوں نے پروگرام سے متعلق لائحہ عمل ترتیب دیا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ ضلع میں زرعی پروجیکٹ کے ادھورے کاموں کو جلد مکمل کرنے کا مشورہ دیا۔کم خرچوں کے ذریعہ تعمیرات مکمل کرتے ہوئے کسانوں کو پانی فراہم کیا جائے گا۔موسم گرما میں پینے کے پانی

کے مسائل پر خصوصی توجہ دینے کا مشورہ دیا۔ نشہ آور اشیاء پر روک لگانے ، ریت کی غیر قانونی منتقلی ، مائننگ پر خصوصی توجہ دینے کی عہدیداروں کو ہدایت دی۔

Damodar Raja Narasimha

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے کہا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے شروع کیا گیا 99 روزہ پروگرام کو کامیاب کرنے کی ذمہ داری نوڈل آفیسرس پر ہے۔ ضلع محبوب نگر میں منعقدہ پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا پروگرام کے تیسرے مرحلہ میں شرکت کی۔ ضلع کلکٹر دفتر میں انہوں نے ایک اجلاس منعقد کیا۔ ریاستی وزیر نے اس پروگرام کے تحت عوام اور خواتین تنظیموں کو شامل کرتے ہوئے پروگرام کو کامیاب طور پر منعقد کرنے کا مشورہ دیا۔ اس موقع پر پلاننگ کمیشن کے نائب صدر ڈاکٹر چنا ریڈی کے علاوہ ارکانِ اسمبلی ، ارکانِ قانون ساز کونسل و دیگر موجود تھے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے عنبرپیٹ فلائی اوور کے نیچے سرویس روڈ کی تعمیر مکمل نہ ہونے پر تشویش کا اظہار کیا۔ اس سلسلہ میں انہوں نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو ایک مکتوب تحریر کیا اور کہا کہ 265 کروڑ روپیوں کی لاگت سے ایک کلومیٹر طویل فلائی اوور تعمیر کی گئی ہے جس کا افتتاح 5 مئی کو پچھلے سال مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کیا تھا۔ اب تک اس کی سرویس روڈ کی تعمیر مکمل نہیں ہوئی ہے۔ سال 2018ء میں اس پروجیکٹ کیلئے 2 کروڑ 54 لاکھ روپے معاوضہ منظور کیا گیا تھا۔ سرویس روڈ کی تعمیر کیلئے جی ایچ ایم سی کمشنر کے علاوہ ریاستی وزراء کو بھی توجہ دلائی گئی۔ اس کے باوجود تعمیر مکمل نہیں ہوئی ہے۔ کشن ریڈی نے کہا کہ علیحدہ تلنگانہ ریاست کے قیام سے لے کر اب تک 2 ہزار 800 کلومیٹر سڑک تلنگانہ میں تعمیر کی گئی ہے۔ مزید 2 ہزار 500 کلومیٹر سڑک زیر تعمیر ہے۔

I&PR

ریاستی حکومت کی جانب سے شروع کیا گیا 99 روزہ پروگرام حیدرآباد کے مانصاحب ٹینک میں واقع آئی اینڈ پی آر دفتر میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر آئی اینڈ پی آر کے اسپیشل کمشنر سی ایچ پرینکا نے دفتر کے احاطہ میں شجرکاری کی۔ اس کے بعد انہوں نے عہدیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے تمام محکموں کے فائلز کو ترتیب سے رکھنے کا مشورہ دیا۔ پینڈنگ مسائل کو جلد حل کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر آئی اینڈ پی آر کے ڈائرکٹر کشور بابو، اڈیشنل ڈائرکٹر ڈی ایس جگن، چیف انفارمیشن انجینئر وی رادھا کشن اور دیگر بھی موجود تھے۔

Kishan Reddy Letter

مرکزی کشن ریڈی نے کہا کہ 14 ویں فینانس کمیشن کے تحت پنچایت راج اداروں کو مرکزی حکومت نے پانچ ہزار سات کروڑ روپے جاری کئے ہیں۔ انتخابات کے بعد سے اب تک 2026ء میں تلنگانہ کو تین مرحلوں کے تحت ایک ہزار 34 کروڑ روپے مرکزی حکومت کی جانب سے جاری کئے گئے ہیں۔ 14 ویں اور 15 ویں مالیاتی کمیشن کے تحت 14 ہزار 110 کروڑ روپے تلنگانہ کو منظور کئے ہیں۔

Inter

آج تلنگانہ میں انٹرمیڈیٹ سال دوم کے امتحانات منعقد ہوئے جس میں میتھا میٹس ٹو بی، زوالوجی ٹو، ہسٹری ٹو، امتحان میں 97.95 فیصد طلبہ حاضر ہوئے۔ انٹر بورڈ کے سکریٹری نے یہ بات کہی۔ جملہ 3 لاکھ 85 ہزار 62 طلبہ میں سے 3 لاکھ 77 ہزار 201 طلبہ حاضر ہوئے۔ آج ایک ہی دن میں نقل نویسی کے 8 کیس درج ہوئے ہیں۔ ہنمکنڈہ میں ایک، کریم نگر میں ایک اور رنگاریڈی میں 6 کیس درج ہوئے ہیں۔

OO